# NYC میں ہر کوئی نگہداشت صحت کی خدمات حاصل کر سکتا ہے:



## نیو یارک کے تارک وطن باشندوں کے لیے اکثر پوچھے گئے سوالات

نیو یارک کے ہر باشندے کو اپنے ترک وطن کی حیثیت یا ادائیگی کرنے کی اہلیت سے قطع نظر معیاری نگہداشت صحت کا حق ہے۔ اپنا اور اپنی فیملی کا خیال رکھیں اور آپ کو درکار نگہداشت صحت کی خدمات حاصل کریں۔ سٹی کی بہت ساری خدمات، بشمول نگہداشت صحت اور سماجی خدمات ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر، نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے دستیاب ہیں۔

### صحت بیمہ

**میں کون سے صحت بیمہ پلانز کے لیے سائن اپ کر سکتا ہوں؟**

نیو یارک کے تارک وطن باشندوں کے پاس بیمہ کے بہت سارے اختیارات ہیں۔ نیو یارک اسٹیٹ میں موجود بچے صحت بیمہ حاصل کر سکتے ہیں، چاہے وہ بلا دستاویز ہوں۔ NYC محکمۂ صحت اور ذہنی حفظان صحت (NYC Department of Health and Mental Hygiene) (NYC محکمۂ صحت) کے پاس درخواست سے متعلق مصدقہ صلاح کاران موجود ہیں جو یہ پتہ لگانے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں کہ آیا آپ اہل ہیں اور صحت بیمہ کے لیے کیسے سائن اپ کیا جائے۔ مزید معلومات کے لیے، **311** پر کال کریں، "CoveredNYC" لکھ کر 877-877 پر ٹیکسٹ کریں یا nyc.gov/health/healthcoverage ملاحظہ کریں۔

اگر آپ NYC Health + Hospitals میں جا رہے ہیں تو مالی صلاح کار سے صحت بیمہ تلاش کرنے میں اپنی مدد کرنے کو کہیں۔ یاد رکھیں، آپ کو اپنی ترجیحی زبان میں خدمات، بشمول تحریری ترجمے اور بذات خود یا ٹیلیفون پر ترجمانی حاصل کرنے کا حق ہے۔

### NYC CARE

**میں صحت بیمہ کے لیے اہل نہیں ہوں۔ میں نگہداشت صحت خدمات کس طرح حاصل کر سکتا ہوں؟**

NYC Care نگہداشت صحت تک رسائی کا ایک پروگرام ہے جو نیو یارک کے ان باشندوں کو کم قیمت پر یا بلا قیمت خدمات فراہم کرتا ہے جو صحت بیمہ حاصل نہیں کر سکتے یا اس کے لیے ادائیگی نہیں کر سکتے۔ NYC Care کوئی صحت بیمہ پلان **نہیں** ہے۔ تاہم، اگر آپ کے پاس NYC Care ہے تو آپ نگہداشت صحت خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے رکنیت کارڈ حاصل کر سکتے ہیں، خود اپنا نگہداشت صحت فراہم کنندہ منتخب کر سکتے ہیں اور کم قیمت پر دوائیں موصول کر سکتے ہیں۔ NYC Health + Hospitals تمام NYC Care کی خدمات فراہم کرتا ہے۔

**NYC Care پر کتنی لاگت آتی ہے؟ میں NYC Care کے لیے کس طرح سائن اپ کروں؟**

NYC Care کی صحت خدمات یا تو کم قیمت پر یا بلا قیمت ہیں، جس کا انحصار آپ کے گھرانے کے سائز اور آمدنی پر ہوتا ہے۔ NYC Care کے لیے سائن اپ کرنے کے لیے، (646-692-2273) 646-NYC-CARE کو کال کریں یا NYC Health + Hospitals کے مقام پر مالی صلاح کار سے ملنے کو کہیں۔ مزید معلومات کے لیے، nyccare.nyc ملاحظہ کریں۔

NYC HEALTH+ HOSPITALS | NYC Health | NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs

## نیو یارک کے جن باشندوں کے پاس صحت بیمہ نہیں ہے ان کے لیے ہنگامی نگہداشت

**میرے پاس صحت بیمہ نہیں ہے لیکن مجھے ہنگامی نگہداشت درکار ہے۔ میں اس کے لیے ادائیگی کس طرح کروں؟**

Emergency Medicaid کسی ایمرجنسی کے دوران نگہداشت صحت کی خدمات کے لیے ادائیگی کرنے میں کم آمدنی والے بلا دستاویز اور عارضی نیو یارک کے تارک وطن باشندوں کی مدد کرتا ہے۔ جو نیو یارک کے تارک وطن باشندے Emergency Medicaid کے لیے اہل ہیں وہ غیر ہنگامی خدمات جیسے اپنے طبی فراہم کنندہ کے پاس ملاقاتوں اور دوا کی لاگت کی تلافی کے لیے NYC Care کے لیے بھی اہل قرار پا سکتے ہیں۔

آپ آئندہ ہنگامی حالت کی صورت میں کبھی بھی Emergency Medicaid کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ NYC Health + Hospitals میں جا رہے ہیں تو مالی صلاح کار کو پوچھیں جو سائن اپ کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ آپ اپنے ترک وطن کی حیثیت یا ادائیگی کرنے کی اہلیت سے قطع نظر، NYC میں کسی بھی ہسپتال میں ہنگامی نگہداشت حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، **311** پر کال کریں یا "CoveredNYC" لکھ کر 877-877 پر ٹیکسٹ کریں۔

## عوامی چارج

**عوامی چارج کا اصول کیا ہے؟ کیا یہ اب بھی استعمال ہو رہا ہے؟**

اگست 2019 میں، ٹرمپ انتظامیہ نے عوامی چارج کے ایک نئے اصول کا اعلان کیا تھا۔ اس اصول نے تارکین وطن کو اس صورت میں گرین کارڈ یا ویزا حاصل کرنے سے روکنے کی کوشش کی اگر انہوں نے مخصوص عوامی مراعات — جیسے، Medicaid، غذائی اعانت، یا رہائش میں اعانت — کا استعمال کیا یا وفاقی حکومت نے یہ خیال کیا کہ مستقبل میں عوامی مراعات پر ان کے منحصر ہو جانے کا امکان ہے۔ تاہم، ٹرمپ انتظامیہ کا عوامی چارج کا اصول ختم ہو چکا ہے۔ 9 مارچ 2021 کو امریکی محکمہ برائے ہوم لینڈ سیکورٹی (U.S. Department of Homeland Security) نے بتایا کہ وہ پھر سے ان پالیسیوں کو استعمال کرے گی جو اگست 2019 سے پہلے موجود تھیں۔ مزید معلومات اور اپ ڈیٹس کے لیے، nyc.gov/publiccharge ملاحظہ کریں۔

**اگر عوامی چارج کا اصول مجھ پر لاگو ہوتا ہے تو مجھے کیسے معلوم ہوگا؟**

اگر عوامی چارج کے بارے میں آپ کے سوالات ہوں تو ActionNYC کی ہاٹ لائن کو 800-354-0365 پر 9 بجے صبح سے 6 بجے شام تک، پیر سے جمعہ تک کال کریں اور "public charge" (عوامی چارج) بول کر بروقت اور بھروسہ مند معلومات اور سٹی سے فنڈ یافتہ، مفت اور محفوظ ترک وطن سے متعلق قانونی مدد کے روابط حاصل کریں۔ ہاٹ لائن مفت اور گمنام ہے اور 200 سے زائد زبانوں میں مدد دستیاب ہے۔

## امیگریشن انفورسمنٹ اور نگہداشت صحت تک رسائی

**میں ایک بلا دستاویز تارک وطن ہوں۔ کیا میرا فراہم کنندہ وفاقی ترک وطن کے حکام، جیسے امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (Immigration and Customs Enforcement, ICE) کو میری رپورٹ کر سکتا ہے؟**

فراہم کنندگان پر اپنے مریضوں کے ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر، ان کی رازداری کا احترام کرنا لازم ہے۔ ہسپتال اور کلینک مریض کی منظوری کے بغیر مریض کی معلومات شیئر نہیں کرتے ہیں، الّا یہ کہ از روئے قانون ایسا کرنا مطلوب ہو۔ فراہم کنندگان تارکین وطن کی رازداری کا کس طرح تحفظ کرتے ہیں اس بارے میں مزید معلومات کے لیے، nychealthandhospitals.org/immigrant ملاحظہ کریں اور H+H کا Open Letter to Immigrant New Yorkers (نیو یارک کے تارکین وطن کے نام کھلا خط) پڑھیں۔

**اگر ICE کے افسران ہسپتال میں آتے ہیں تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

آپ کو ICE سے بات کرنا لازمی نہیں ہے۔ اگر ICE کا کوئی افسر نجی ایریا، جیسے ہسپتال کے آپ کے کمرے میں داخل ہونے کی کوشش کرتا ہے تو آپ کو دروازہ بند رکھنے اور یہ پوچھنے کا حق ہے کہ آیا ان کے پاس عدالتی وارنٹ ہے۔ عدالتی وارنٹ عدالت کی جانب سے ایک قانونی دستاویز ہوتی ہے، جس پر جج کے دستخط ہوتے ہیں اور جو کسی فرد یا لوگوں کے گروپ کو کچھ کرنے کی اجازت دیتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے، nyc.gov/immigrants ملاحظہ کریں اور **know your rights** (اپنے حقوق کو جانیں) کو تلاش کریں۔ اگر ICE کا کوئی آفیسر آپ کو یا آپ کے عزیز و اقارب کو حراست میں لیتا ہے تو ریپڈ ریسپانس لیگل کولیبوریٹو (Rapid Response Legal Collaborative) کو 800-354-0365 پر کال کر کے مفت اور محفوظ قانونی مدد حاصل کریں۔



NYC HEALTH + HOSPITALS

Health

Mayor's Office of Immigrant Affairs